أخرج ابن أبي حاتم عن علي بن رباح قال حدثني فلان أن فروة بن مسيك الغطفاني قدم على رسول الله ﷺ فقال يا نبي الله إن سبأ قوم كان لهم في الجاهلية عز وإني أخشى أن يرتدوا عن الإسلام أفأقاتلهم؟ فقال ما أمرت فيهم بشيء بعد فنزلت ﴿لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ﴾ آية أي دلالة على كمال قدرته ووجوب شكره، قرأ البزي وأبو عمرو لسبأ بفتح الهمزة من غير تنوين لأنه صار اسم قبيلة فمنع عن الصرف للتأنيث مع العلمية وقنبل

بإسكانها على نية الوقف والباقون بخفضها مع التنوين لأنه كان اسم رجل، قرأ حفص وحمزة والكسائي مسكنهم بإسكان السين بغير ألف على الإفراد غير أن حمزة وحفص يفتحان الكاف على القياس والكسائي بكسرها حملاً على ما شذ من القياس كالمسجد والمطلع والباقون بفتح السين وكسر الكاف وألف بينهما على الجمع، قال البغوي روى أبو سبرة النخعي عن فروة بن مسيك القطيفي قال قال رجل يا رسول الله أخبرني عن سبأ كان رجلاً أو امرأة أو أرضاً؟ قال: كان رجلاً من العرب وولد له عشرة من الولد تيامن منهم ستة وتشاءم منهم أربعة فأما الذين تيامنوا فكندة والأشعريون والأزد



تفسير المظهري

تأليف

القاضي محمد ثناء الله العثماني الحنفي المظهري النقشبندي

١١٤٣ - ١٢٢٥

تحقيق

أحمد عزو عناية

الجزء السابع

دار إحياء التراث العربي

بيروت - لبنان

Ataunnabi.com

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُخَيِّرُوا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ، عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنِي أَبِي

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم مجھ کو انبیاء کرام علیہم السلام کے درمیان فضیلت نہ دو۔

٦١٥٢۔ حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ، وَشَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ وَسُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتَيْتُ وَفِي رِوَايَةِ هَدَّابٍ مَرَرْتُ عَلَى مُوسَى لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عِنْدَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ، وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "میں معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر آیا (وہاں سے گزرا) سرخ ٹیلے کے پاس تو دیکھا کہ وہ اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں"

٦١٥٣۔ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، أَخْبَرَنَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، كِلَاهُمَا عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، ح وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَرَرْتُ عَلَى مُوسَى وَهُوَ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ وَزَادَ فِي حَدِيثِ عِيسَى مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا اس حال میں کہ حضرت موسیٰ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے اور حضرت عیسیٰ کی روایت کردہ حدیث میں ہے کہ (آپ ﷺ نے فرمایا) کہ معراج کی رات میں گزرا۔

تشریح:

"وهو یصلی فی قبره" یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے یہ حدیث صحیح مسلم میں ہے جس سے حیات انبیاء کی طرف اشارہ ملتا ہے سنن کی کتابوں میں اس کی تصریح ہے چنانچہ سنن ابوداؤد کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔ "رد اللہ علی روحی" اہل سنت والجماعت کا یہ مسلمہ عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنی قبر میں حیات ہیں اور موت کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو حیات جاودانی عطا فرمائی ہے مسئلہ یہ ہے کہ حیاۃ الانبیاء میں کسی کا کوئی قابل ذکر اختلاف نہیں

حدثنا سفيان، عن عمرو بن يحيى، عن أبيه، عن أبي سعيد الخدري، قال: قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم: لا تخيروا بين الأنبياء وفي حديث ابن نمير، عمرو بن يحيى، حدثني أبي

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم مجھ کو انبیاء کرام علیہم السلام
کے درمیان فضیلت نہ دو۔

٦١٥٢۔ حدثنا هداب بن خالد، وشيبان بن فروخ، قالا حدثنا حماد بن سلمة، عن ثابت البناني
وسليمان التيمي، عن أنس بن مالك، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أتيت وفي رواية
هداب مررت على موسى ليلة أسري بي عند الكثيب الأحمر، وهو قائم يصلي في قبره

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "میں معراج کی رات
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر آیا وہاں سے گزرا سرخ ٹیلے کے پاس تو دیکھا کہ وہ اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ
رہے ہیں"

٦١٥٣۔ وحدثنا علي بن خشرم، أخبرنا عيسى يعني ابن يونس، ح وحدثنا عثمان بن أبي شيبة،
حدثنا جرير، كلاهما عن سليمان التيمي، عن أنس، ح وحدثناه أبو بكر بن أبي شيبة، حدثنا عبدة
بن سليمان، عن سفيان عن سليمان التيمي، سمعت أنسا، يقول: قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم: مررت على موسى وهو يصلي في قبره وزاد في حديث عيسى مررت ليلة أسري بي

حضرت انس رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس
سے گزرا اس حال میں کہ حضرت موسیٰ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے اور حضرت عیسیٰ کی روایت کردہ حدیث میں ہے
کہ (آپ ﷺ نے فرمایا) کہ معراج کی رات میں گزرا۔

تشریح:

"وهو يصلي في قبره" یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے یہ حدیث صحیح مسلم میں ہے جس سے حیات
انبیاء کی طرف اشارہ ملتا ہے سنن کی کتابوں میں اس کی تصریح ہے چنانچہ سنن ابو داؤد کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔
"رد الله علی روحی" اہل سنت والجماعت کا یہ مسلمہ عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنی قبر میں حیات ہیں اور موت کے
بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو حیات جاودانی عطا فرمائی ہے مسئلہ یہی ہے کہ حیاۃ الانبیاء میں کسی کا کوئی قابل ذکر اختلاف نہیں

فیه لا اشکال فی هذا اصلاً وذلک ان الانبیاء علیهم الصلوٰة والسلام افضل من الشهداء ... احیاء عند ربهم فالانبیاء بطریق الاولی۔

(۲) اسی طرح کی عبارت حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کی بھی ہے یہ حضرات اس حدیث کی وضاحت فرماتے ہیں ... حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کو میں نے دیکھا کہ وہ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ الفاظ یہ ہیں

مررت علی موسیٰ لیلۃ اسری بی عند الکثیب الاحمر وهو قائم یصلی فی قبره (رواہ مسلم)

(۳) قاضی شوکانی نیل الاوطار میں لکھتے ہیں:

وورد النص فی کتاب الله فی حق الشهداء انهم احیاء یرزقون وان الحیاة فیهم متعلقة بالجسد ... بالانبیاء والمرسلین۔

علامہ سخاوی اپنی مشہور کتاب "القول البدیع" میں فرماتے ہیں۔

"نحن نؤمن ونصدق بانه ﷺ حی یرزق وان جسده الشریف لا تاکله الارض والاجماع علی هذا ..."

(۵) گیارہویں صدی ہجری کے مشہور محدث علامہ محمد بن علان صدیقی دلیل الفالحین لطرق ریاض الصالحین میں حیات ... اثبات میں لکھتے ہیں للنصوص والاجماع علی انه ﷺ حی فی قبره علی الدوام ص ۲۰۲ ج ۴

(۶) فقیہ النفس بیہقی الزمان حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ فتاویٰ رشیدیہ میں لکھتے ہیں، انبیاء کو اسی وجہ سے ... کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں۔ (ص: ۵۹)

یہ سب دلائل اور یہ سب حوالہ جات حضرت رسالت مآب ﷺ کی حیات جاودانی کے اثبات کے لیے کافی وشافی ہیں ... کا تو کوئی علاج نہیں ہے لیکن اگر دلائل کی دنیا میں دیکھا جائے تو اتنے کثیر دلائل کے بعد اس اجماعی عقیدہ میں شک ... بہت بڑی جسارت ہے۔ مگر کیا کیا جائے طبیعت پرستی شریعت پرستی پر غالب آگئی ہے ایک طرف اس طرح افراط ... اکرم ﷺ کو صلوٰۃ وسلام سننے کے لیے اپنی مخفوں گھروں اور حجروں میں بلا کر حاضر وناظر جان کر خطابات ... دوسری طرف اس تفریط کو دیکھیں کہ روضہ اطہر پر حاضری کے دوران سلام پیش کرنے والے کے سلام کو ... حضور اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کا ہر طرح انکار کرتے ہیں۔ فالی الله المشتکیٰ

ہے لیکن حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی حیات مستمرہ اور دائمی نہیں ہے بلکہ بعض اوقات سلام کے جواب کے لیے جسد اطہر میں روح لوٹائی جاتی ہے تب آپ جواب دیتے ہیں اس سوال کا علماء کرام اور شارحین حدیث نے کئی جوابات دیے ہیں۔

علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے تقریباً پندرہ جوابات دیے ہیں مگر اس حدیث میں تین جوابات ایسے ہیں جو کافی ہیں اور یاد رکھنے کے بھی ہیں۔

(۱) روح کا جو لفظ ہے اس سے مراد نطق ہے یعنی رد اللہ علی نطقی (کذا قال ابن حجر رحمہ اللہ فی فتح الباری)

(۲) الا رد اللہ علی روحی کا جو جملہ ہے یہ در حقیقت حال واقع ہے اور قاعدہ کے مطابق یہاں قد محذوف ہے اصل عبارت اس طرح ہے "الا وقد رد اللہ علی روحی" یعنی جو بھی سلام پیش کرتا ہے تو حالت یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ میری روح لوٹا چکا ہوتا ہے۔ (کذا قال البیہقی وابن حجر والسیوطی)

تیسرا جواب یہ ہے کہ آپ کی روح مبارک ہر وقت تجلیات الٰہیہ کے مشاہدہ میں ملاء اعلیٰ میں مشغول رہتی ہے اور آنحضرت ﷺ مکمل طور پر اسی طرف متوجہ ہوتے ہیں لیکن جب قبر کے پاس کوئی سلام پیش کرتا ہے تو جواب کے لیے روح لوٹا دی جاتی ہے تب آپ جواب دیتے ہیں اس جواب پر یہ اشکال ہے کہ حضور اکرم ﷺ پر ہر وقت اطراف عالم سے سلام پیش کیا جاتا ہے پھر اتصال روح کا کیا تصور ہو سکتا ہے؟۔

بہرحال یہ عالم برزخ کا مسئلہ ہے بہتر یہی ہے کہ کھود کرید کے بغیر اسے تسلیم کیا جائے کہ حضور ﷺ سلام کا جواب دیتے ہیں قریب والوں کو سن کر دیتے ہیں اور بعید والوں کا سلام فرشتے آپ تک پہنچاتے ہیں اور آپ جواب دیتے ہیں جیسا کہ آئندہ حدیث میں آ رہا ہے۔

حیات النبی ﷺ کا مسئلہ

اس مسئلہ کو لکھتے وقت میرا ہاتھ کانپ رہا ہے اور میرے دل پر ایک ہیبت طاری ہو گئی ہے کیونکہ یہ نہایت نازک مسئلہ ہے جس میں تحقیق کرنا آسان کام نہیں ہے لیکن چونکہ آج کل یہ مسئلہ بعض اطراف میں شدت اختیار کر گیا ہے اس لیے میں اثبات حیات النبی سے متعلق چند گزارشات کروں گا امید ہے کہ اعتدال پسند اور حق پسند قراء اس کو قبول فرمائیں گے۔

میں نے توضیحات جلد دوم ص ۳۵۰ پر سماع موتی کے ضمن میں بھی کچھ لکھا ہے یہاں اس مسئلہ میں کسی کا اختلاف نقل نہیں کر رہا ہوں اور اس مسئلہ میں اختلاف کی گنجائش ہے اور نہ امت مسلمہ میں کسی قابل ذکر آدمی کا انکار نظر سے گزرا ہے مگر یہاں حیاۃ

ہو درود وسلام پیش نہیں کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ حضور اکرم ﷺ زندہ ہی نہیں ہوں گے تو کیسے سنیں گے میں کہتا ہوں کہ
کیونکہ میرا جسم محفوظ ہوگا جسم کے محفوظ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ میں زندہ ہوں گا اور زندہ آدمی سنتا ہے
حفاظت کی بات صرف اجساد کی حفاظت نہیں بلکہ صحابہ کے عدم حیات کے تصور کا پورا پورا جواب ہے۔

دوسری دلیل:

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی حدیث جو مشکوۃ ص ۱۲۱ پر مذکور ہے جس کے چند الفاظ یہ ہیں۔

قال قلت وبعد الموت؟ قال ان الله حرم على الارض ان تأكل اجساد الانبياء فنبي الله حي يرزق
ابن ماجہ) قال ابن حجر رجاله ثقات وقال الشوكاني سنده جيد وقال الملا علي القاري باسناد جيد
مير ك عن المنذري وله طرق كثيرة بالفاظ مختلفة (مرقات ج ۳ ص ۲۴۲)

کثرت طرق کی وجہ سے یہ حدیث بے غبار ہے اگر چہ اس پر انقطاع یا ارسال کا اعتراض کیا گیا ہے لیکن کثرت طرق
اعتراض بے جا ہے۔ اسی طرح ایک مرفوع حدیث کے بارے میں یہ کہنا بھی بے جا ہے کہ "فنبي الله حي يرزق"
مدرج ہے آخر کیوں مدرج ہے کیا دلیل ہے اور اگر مدرج بھی ہو تو حیات النبی کے لیے اس جملہ کے علاوہ حدیث کا بقیہ حصہ
اور اس سے پہلے جو حدیث گزری ہے وہ کافی ہے کیونکہ بقاء جسد کا جواب اس سوال کے بعد آیا ہے کہ موت کے بعد درود
پیش ہونا کیسے ہو سکتا ہے جب جسم باقی نہ رہے تو جواب دیا کہ ہو سکتا ہے کیونکہ نبی کا جسم محفوظ ہوتا ہے یعنی نبی زندہ ہوتا ہے۔

تیسری دلیل:

ابو یعلی موصلی نے سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث نقل فرمائی ہے الفاظ یہ ہیں۔

"وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الانبياء احياء في قبورهم"

مسند ابو یعلی موصلی وکذا نقلہ علامہ تقی الدین السبکی امام بیہقی نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے پھر ابن حجر قاضی شوکانی و
انور شاہ کاشمیری رحمہم اللہ تعالی نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔ ملا علی قاری کے الفاظ یہ ہیں:

صح خبر الانبياء احياء في قبورهم يصلون (مرقات ج ۳ ص ۲۴۱)

چوتھی دلیل:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث جس میں حتی ارد علیہ السلام کے الفاظ ہیں۔

پانچویں دلیل:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت مشکوٰۃ ص ۸۷ پر ہے، جس کے کچھ الفاظ یہ ہیں

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علی عند قبری سمعتہ ومن صلی علی نائیا ابلغتہ (بیہقی)

یہ چند احادیث ہیں جو اہل سنت والجماعت کے مسلک کے دلائل ہیں اس کو کرید کرید کر ضعیف قرار دینا مجھ سے بالاتر ہے جب ایک حدیث ثابت ہے اس کو خواہ مخواہ ضعیف کرنے کی مجبوری کیا ہے؟ آیا کوئی ایسی روایت اور صحیح حدیث ہے جو ہمیں عدم حیات النبی پر مجبور کر رہی ہے؟ یا کوئی اجماع امت ہے جو ہمیں عدم حیاۃ النبی کی دعوت دے رہا ہے؟ جس کو ہم قبول کریں اور مذکورہ احادیث کو اس کی وجہ سے ترک کریں۔ اگر کوئی کہہ دے کہ قرآن اعلان کرتا ہے کہ ﴿انک میت وانہم میتون﴾ اس سے موت ثابت ہے میں کہتا ہوں کہ اگر یہ موت ایسی موت ہے جس کے بعد کوئی حیات نہیں تو پھر مرنے کے بعد دائمی موت مان لو اور اعلان کردو کہ بعث بعد الموت نہیں ہے حشر و نشر نہیں ہے جنت اور دوزخ اور اس کا ثواب وعذاب نہیں ہے کیونکہ موت ابدی اور دائمی ہے۔ اور اگر یہ اعلان نہیں کر سکتے ہو اور مانتے ہو کہ اس آیت میں جس موت کا ذکر ہے اس کے بعد حیات ہے تو پھر ماننا پڑے گا کہ احادیث میں آنحضرت ﷺ کے لیے قبر شریف میں جس حیات کو ثابت کیا گیا ہے وہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے جس کا انکار بہت ہی خطرناک ہے باقی قبر کو ایک [illegible] ثابت کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے قبر اگرچہ ایک طویل برزخی مقام کا نام ہے مخصوص گڑھا نہیں ہے لیکن یاد رکھنا چاہیے کہ مخصوص قبر اور مخصوص گڑھا قبر کے لفظ کا پہلا مصداق ہے جس کی طرف متعدد نصوص میں اشارہ کیا گیا ہے اور بہت سارے اہل لغت نے اس کی تصریح کی ہے گویا برزخ کی پہلی منزل قبر ہے قبر سے برزخ شروع ہوتا ہے جہاں بھی قبر ہو۔

چھٹی دلیل:

قال اللہ تعالیٰ ﴿بل احیاء عند ربہم یرزقون﴾

یہ آیت شہداء کی حیات کے بارے میں ہے جب شہداء کا یہ مقام ہے تو انبیاء کا مقام تو اس سے اعلیٰ وارفع ہوگا اس میں کسی شک وتاویل کی نہ گنجائش ہے اور نہ ضرورت ہے۔

(۱) علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ شارح بخاری عمدۃ القاری ج ۶ ص ۳۵ پر فرماتے ہیں۔

النبی کے اثبات میں چند گزارشات کرنا چاہتا ہوں۔

سب سے پہلے عرض یہ ہے کہ عالم تین ہیں (۱) عالم دنیا (۲) عالم برزخ (۳) عالم آخرت

عالم دنیا میں بدن متبوع ہے روح اس کا تابع ہے اور احکامات کا تعلق بدن سے ہے عالم برزخ میں روح متبوع ہے بدن تابع ہے احکام کا تعلق روح سے ہے۔ عالم آخرت میں دونوں کی حیثیت مساوی ہے دونوں مسئول ہوں گے اور احکام کا تعلق دونوں سے ہوگا اس کی تفصیل بھی توضیحات جلداول میں موجود ہے۔ جب تین عوالم کی بات سامنے آگئی تو اب یہ کہ بدن کے ساتھ روح کا جو تعلق ہے یہ تین قسم پر ہے۔

اول: انبیاء کرام کے اجساد وابدان ہیں اس کے ساتھ روح کا تعلق اتنا گہرا ہے کہ بدن محفوظ ہونے کے ساتھ ساتھ اس تعلق کا اثر دنیا پر بھی پڑتا ہے لہٰذا کسی نبی کی میراث تقسیم نہیں ہوسکتی اس لیے کہ وہ میراث ہی نہیں ہے کیونکہ زندہ شخص کا مال میراث نہیں ہوتا، نیز انبیاء کرام کے ازواج مطہرات سے نکاح بھی نہیں کیا جاسکتا ہے۔ یہ انبیاء کرام کی مضبوط حیات کی نشانی اور علامت ہے۔

دوم: شہداء کے ابدان کے ساتھ ان کی ارواح کا تعلق ہے اس کا اثر اتنا قوی ہے کہ قبر میں بدن گلنے سڑنے سے محفوظ رہتا ہے لیکن اس کا اثر دنیا پر نہیں پڑتا اسی لیے شہداء کی بیواؤں سے نکاح کیا جاسکتا ہے اور ان کی میراث تقسیم کی جاتی ہے۔

سوم: عام مسلمانوں کے ابدان ہیں ان کے ساتھ ان کی ارواح کا تعلق اتنا کمزور ہے کہ اس سے ان کے جسم محفوظ نہیں رہتے ہاں بعض جگہ کوئی خصوصی تعلق ہو تو وہ نادر کے حکم میں ہے۔

پہلی بات یہ ہے کہ قرآنی نصوص اور احادیث مقدسہ کے فرامین کے مطابق محمد ﷺ پر وہ موت آچکی ہے جو موت تمام انسانوں پر آتی ہے اور جس کی طرف ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ﴾ میں اشارہ کیا گیا ہے اور ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُونَ﴾ میں اس کا اعلان کیا گیا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد آپ کے جسد اطہر کے ساتھ آپ کی روح کا ایسا تعلق ہے جس سے آپ قبر کے پاس سلام کو سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ آپ پر جو موت طاری ہوئی ہے اس کی نوعیت کیسی تھی اور اس کی کیفیت کیا تھی اس کے معلوم کرنے کے ہم مکلف نہیں ہیں ہم صرف اس کے مکلف ہیں کہ آپ پر جو طبعی موت طاری ہوگئی تھی ہم اس کو مان لیں اور اس کا انکار نہ کریں۔

کلام سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ حضرت قاسم نانوتوی رحمہ اللہ نے آنحضرت ﷺ پر متعارف موت کا انکار کیا ہے اس لیے کہ
موت کا انکار نہیں کیا البتہ موت کو مانتے ہوئے اس کی کیفیت میں گفتگو کی ہے یہ الگ بحث ہے جس کے ہم مکلف نہیں ہیں۔
حضور اکرم ﷺ کی طبعی متعارف موت کے متعلق حضرت نانوتوی اس طرح اقرار کر کے معتقد رکھتے ہیں چنانچہ حضرت قاسم
نانوتوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں تمام انبیاء کرام علیہم السلام خاص کر سرور انام ﷺ کی نسبت موت کا اعتقاد بھی ضروری ہے۔
(لطائف قاسمیہ ص ۴)

دوسری بات یہ ہے کہ عقائد کی دو قسمیں ہوتی ہیں ایک وہ ضروری عقائد ہیں جس کے انکار سے آدمی کافر ہو جاتا ہے اور دوسرے وہ
عقائد ہیں جن کا منکر کافر تو نہیں ہوتا ہاں اسے گمراہ یا فاسق قرار دیا جاتا ہے۔ پہلی قسم عقائد کے اثبات کے لیے دلیل قطعی کی
ضرورت ہوتی ہے دلیل ظنی کافی نہیں ہوتی۔ دوسرے قسم کے عقائد کے اثبات کے لیے دلیل ظنی کافی ہوتی ہے دلیل قطعی ضروری
نہیں ہوتی۔ علامہ عبدالعزیز پرہاروی رحمہ اللہ شرح عقائد کی شرح نبراس میں فرماتے ہیں:

ان المسائل الاعتقادية قسمان احدهما مايكون المطلوب اليقين كوحدة الواجب وصدق النبی صلی الله عليه وسلم، وثانيهما ما يكتفی فيها بالظن كهذه المسئلة والاكتفاء بالدليل الظنی انه لايجوز فی الاول بخلاف الثانی (النبراس ۵۹۸)

اب میں حیاۃ النبی ﷺ کے اثبات کے لیے صرف دلائل پیش کرتا ہوں توضیح و تشریح اور تبصرہ کرنے کی گنجائش نہیں ہے لہٰذا صرف
دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

پہلی دلیل:

حضرت اوس بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جو مشکوۃ ص ۱۲۰ پر مذکور ہے لمبی حدیث ہے چند الفاظ یہ ہیں

قالوا يارسول الله كيف تعرض صلوتنا عليك وقد ارمت اى يقولون قد بليت، قال ان الله عزوجل حرم على الارض ان تاكل اجساد الانبياء (سنن نسائی ابوداؤد، دارمی، ابن ماجه، بيهقی) وقد صحح هذا الحديث ابن خزيمة وابن حبان والدار قطنی والنووی فی الاذكار، (ابن كثير ج ۳ ص ۵۱۴)

اس حدیث کی سند مستند ہے صحابہ کرام نے درود و سلام نہ سننے کے لیے پیش کی کہ حضور اکرم ﷺ کا جسم مبارک جب ریزہ ریزہ
ہو چکا ہوگا تو پھر کیسے سنیں گے حضور اکرم ﷺ نے جواب دیا کہ جسم سالم رہے گا یہ در حقیقت ان کے سوال کا جواب ہے کہ تم کہتے

اکابر علماء اور فقہاء کے چند حوالے

(۱) قاضی عیاض رحمہ اللہ کی کتاب شفاء کی شرح شفاء میں ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

بل المعتقد المعتمد انه صلی اللہ علیہ وسلم حی فی قبره کسائر الانبیاء فی قبورهم وهم احیاء عند ربهم وان لارواحهم تعلقا بالعالم العلوی والسفلی کما کانوا فی الحال الدنیوی فهم بحسب القلب عرشیون وباعتبار القالب فرشیون (شفاء ج ۳ ص ۴۹۹ بهامش نسیم الریاض)

(۲) مشہور حنفی عالم و مفسر علامہ سید محمود آلوسی بغدادی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

واختلف فی هذه الحیاة فذهب کثیر من السلف انها حقیقة بالروح والجسد ولکنا لا ندرکها فی هذه النشأة... پھر چند اقوال نقل کرنے کے بعد اس مذکورہ قول کو یوں ترجیح دی: والمشهور ترجیح القول الاول۔

(روح المعانی ج ۲ ص ۲۰)

(۳) مشہور شافعی مفسر علامہ فخر الدین رازی اس مسئلہ میں چند اقوال نقل فرما کر حیات انبیاء پر اس طرح فیصلہ فرماتے ہیں:

الاول انهم فی الوقت احیاء کأن اللہ تعالی احیاهم لایصال الثواب الیهم وهذا قول اکثر المفسرین۔

پھر چند کلمات کے بعد دوبارہ فیصلہ سناتے ہیں:

واعلم ان اکثر العلماء علی ترجیح القول الاول۔ (تفسیر کبیر ج ۴ ص ۲۳)

(۴) احناف کا مشہور مفتی اور مستند عالم علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ موانع ارث پر اپنی کتاب الرحیق المختوم میں لکھتے ہیں

عدم موت المورث بناء علی ان الانبیاء احیاء فی قبورهم کما ورد فی الحدیث۔

(رسائل ابن عابدین ج ۲ ص ۲)

(۵) [illegible] رحمہ اللہ ایک غلط قول کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں


لان الانبیاء علیهم الصلوة والسلام احیاء فی قبورهم (رد المحتار ص ۲۵۹ ج ۳)

(۶) مشہور حنفی عالم و فقیہ علامہ حسن بن عمار شرنبلالی رحمہ اللہ نور الایضاح میں زیارة النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق لکھتے ہیں

ومما هو مقرر عند المحققین انه صلی اللہ علیہ وسلم حی یرزق ممتع بجمیع الملذات والعبادات

(نور الایضاح ص ۱۸۹)





تحفۃ المنعم

اردو شرح

صحیح مسلم

تالیف

حضرت الاستاذ مولانا فضل محمد یوسف زئی دامت برکاتہم
استاذ الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

جلد اول

مقدمہ و کتاب الایمان

مکتبہ اویس القرنی
کراچی پاکستان

دنیائے مماتیت کو اہلسنت والجماعت کا چیلنج

مسئلہ حیات انبیاء علیہم السلام پہ ایک آیت کا مطالبہ بھی نہیں ہے اور ہمارا مطالبہ ایک بھی حدیث رسول ﷺ کا بھی نہیں ہے۔ ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ تم چودہ سو سال میں عنایت اللہ شاہ بخاری کے وجود سے پہلے اہلسنت والجماعت کا ایک بزرگ پیش کر دو جو عقیدہ حیات انبیاء علیہم السلام کا منکر ہو۔۔۔؟





متکلم اسلام حضرت مولانا الیاس گھمن صاحب

یُصَلُّوْنَ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ وہ نماز پڑھتے ہیں یا فرمایا گیا۔ وَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُرْزَقُ اللہ کے نبی زندہ ہیں۔ ان کو رزق دیا جاتا ہے۔ اب ظاہر ہے کہ اس حیات سے مراد اگر وہ عمومی حیات ہے جو برزخ میں عام طور پر ہوتی ہے تو پھر اتخصیص کری کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی پھر یہ کہنا کہ نَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یا اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ الخ اس کی ضرورت نہیں۔ یوں کہا جا سکتا تھا۔ اَلْمُسْلِمُوْنَ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِهِمْ یا اَلنَّاسُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِهِمْ اس لئے کہ حیات برزخی میں سب کے سب شریک ہیں۔ لیکن انبیاء علیہم السلام کا ذکر کی تخصیص کیا جانا اور اس پر حیات کا لفظ بولا جانا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خصوصی حیات ہے جو عوام کو حاصل نہیں۔

حیات مطلق

پھر یہ کہ اس حیات کے لفظ کو مقید کر کے نہیں لایا گیا۔ یہ نہیں کہا گیا کہ انبیاء علیہم السلام بحیثیت اس کے حیات ہیں۔ یا فلاں جہت سے حیات ہیں بلکہ مطلقاً حی کہا گیا۔ تو جب بھی کوئی چیز مطلق بولی جائے گی، اس کا فرد کامل مراد لیا جائیگا پھر فرد کامل کی صورت سمجھنے کی اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ ہم جسے دنیا میں زندگی کہتے ہیں وہی وہاں سمجھیں کہ وہ بھی زندہ ہیں اور وہ اسی انداز کی زندگی ہے جیسے دنیا میں زندہ ہوتے ہیں ورنہ پھر انبیاء علیہم السلام کے ذکر کی تخصیص اور حیات کے لفظ کا اطلاق تو ایک تخصیص اور ایک اطلاق، تخصیص ذکر کی اور خصوصیت بیان کی اور لفظ حیات کا اطلاق، یہ دونوں مل کر یہ نتیجہ پیدا کرتے ہیں کہ کوئی خاص اور اعلیٰ قسم کی حیات ہے جو دوسروں کو حاصل نہیں اب یہ کہ اس کی کیفیت کیا ہے۔

انبیاء کرام کی حیات و ممات کی امتیازی خصوصیات

تو ہم کیفیت سے واقف نہیں نہ ہم اس کا پتہ دے سکتے ہیں۔ نہ ہمارے بس کی بات ہے۔ اتنا ہم ضرور جانتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی ممات بھی ہماری جیسی نہیں، ان کی حیات بھی ہماری جیسی نہیں ان کی ممات میں تو یہ بھی ہے کہ ملک الموت آ کر ان سے اجازت لیتے ہیں اور جب تک کہ وہ اجازت نہ دیں اور ان کے علم میں نہ لایا جائے کہ وقت آ رہا ہے اور ہم قبض روح کے لئے آ رہے ہیں۔ اس وقت تک ممات کا آغاز نہیں کیا جاتا۔ عامۃ المؤمنین سے اس قسم کی کوئی اجازت یا استیذان نہیں کیا جاتا۔ پھر یہ انبیاء علیہم السلام کی دنیا میں جو حیات ہے تو وہ اور لوگوں کی دنیوی حیات ہے۔ اس کے مشابہ نہیں۔ تو جب حیات مشابہ نہیں تو ممات بھی مشابہ نہیں ہو سکتی۔

دست پیغمبر کا اعجاز

یوں تو فرمایا گیا اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ میں تم جیسا ایک بشر ہوں لیکن اس مماثلت کے باوجود آپ کی بشریت اور ہماری بشریت میں کتنا فرق ہے۔ یہ سیرت کے احوال دیکھنے سے واضح ہوگا۔ ہم بھی کہیں گے کہ ہمارے ہاتھ ہیں اور انبیاء علیہم السلام کے بھی ہاتھ ہوتے ہیں ورنہ مسائی ہوتے ہیں کوئی معنوی اور روحانی نہیں لیکن ہاتھوں کے اندر خصوصیت سے امتیازی شان موجود ہے جو عام ہاتھوں کو حاصل نہیں۔ ہم اگر کسی کے چپت ماردیں تو

منصب تدریس و تبلیغ اور افتاء

اس سے زیادہ آسان درس دینا ہے۔ درس میں کتاب سامنے ہوتی ہے کتاب کے مطابق مضمون بیان کر دیا، کوئی زیادہ دشواری نہیں ہوتی۔ اس سے زیادہ آسان تقریر کرنا ہے۔ اس لئے کہ ایک موضوع پر جو یاد تھا سہل طور پر کہہ دیا۔ اور اس سے بھی زیادہ آسان ہے وہ تقریر جو علمی نہ ہو۔ محض دنیاداری کی باتیں۔ ادھر ادھر کے واقعات لیکچر میں کہہ دیجئے۔ یہ سب سے زیادہ آسان ہے۔ گذرے ہوئے واقعات یوں ہوا تھا، یوں ہوا تھا۔ بیان کر دیا۔ اور اس سے بھی زیادہ آسان اعتراض کر دینا ہے۔ اس کیلئے کسی تکلیف کی ضرورت نہیں۔ جس پر چاہا اعتراض کر دیا، جس پر چاہا شبہ وارد کر دیا۔ جاہل سے جاہل اعتراض کر سکتا ہے۔ اس میں کسی علمیت کی ضرورت نہیں۔ یہ میں نے اس لئے عرض کیا کہ بعض حضرات مسائل پوچھتے ہیں۔ میں عرض کر دیتا ہوں کہ بھئی مفتی صاحب سے پوچھو۔ میں نہیں بتلا سکتا۔ مسئلہ کا علم بھی ہو تب بھی جرات نہیں ہوتی کہ مسئلہ بیان کر دوں۔ مفتی کے سامنے سب چیزیں مستحضر ہوتی ہیں۔ بعض لوگ برا مانتے ہیں کہ مسئلہ نہیں بتلایا۔ اگرچہ مسئلہ نہیں بتلایا مگر حوالہ تو دے دیا کہ مفتی سے پوچھو۔ کیا ضروری ہے کہ ہر ایک مسئلہ بتلائے ہی۔ جو بتانے والے ہیں وہ بتلائیں گے جن کو اس کا فن اور سلیقہ ہے۔ برا ماننے کی بات نہیں ہے۔

میں ہمیشہ اس سے بچتا ہوں کہ فتویٰ دوں۔ یہ کام میرا نہیں ہے۔

مسائل کا علمی اور عملی پہلو

ایک ہے کسی مسئلہ کی علمی تحقیق کر دینا وہ الگ چیز ہے اس سے انکار نہیں ہوتا جو اپنے ذہن میں ہو وہ تحقیق کر دی۔ لیکن یہ کہ میں کیا کروں؟ یہ کام مفتی کا ہے وہ فتویٰ دے گا کہ فلاں پہلو پر یوں عمل کرو، فلاں پہلو پر یوں عمل کرو۔ اس لئے اگر بعض حضرات سوال کریں اور میں مسئلہ نہ بتلاؤں وہ برا نہ مانیں۔ ضروری نہیں کہ مجھے مسئلہ کا علم بھی ہو۔ اور اگر علم بھی ہو تو میں احتیاط کے خلاف سمجھتا ہوں۔ اس لئے کہ فقہی جزئیات پر میری زیادہ نظر نہیں ہے۔ یہ اس کی ہو سکتی ہے جو رات دن اسی میں پڑا ہوا ہو۔ یہ میں نے بطور تنبیہ اور اصول کے عرض کر دیا، اس میں برا ماننے کی ضرورت نہیں۔ ہر شخص کا ایک مقام ہوتا ہے۔ میں نہیں ہوں اس قابل کہ مسئلہ بتلاؤں۔ کیا ضروری ہے کہ زبردستی پوچھا ہی جائے۔ کسی اہل سے پوچھا جائے۔

حیات النبی ﷺ پر امت کا اجماع ہے

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ "حیات النبی" کا لوگ انکار کیوں کرتے ہیں، میرے خیال میں اجماعی بات ہے کہ "حیات النبی ﷺ" کا مسئلہ مجمع علیہ ہے۔ یعنی امت کے اندر کوئی بھی اس کا منکر نہیں ہے۔ اس کی کیفیت میں گفتگو ہے کہ حیات ہے تو کس کیفیت اور کس نوعیت کی ہے۔ تو کیفیات میں اگر کوئی اختلاف کرے تو اسے اصل مسئلہ میں اختلاف کنندہ نہیں کہا جا سکتا۔

جہاں تک انبیاء علیہم السلام کی حیات کا تعلق ہے تو صحیح حدیث موجود ہے اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِہِمْ

خطباتِ حکیم الاسلام

جلد نمبر ۷

قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ
مہتمم دارالعلوم دیوبند (انڈیا)

ناشر
مکتبۃ العلم
18- اردو بازار ۞ لاہور ۞ پاکستان
Ph: 37231788-37211788

؛جائز(۴۵)اسی کو شیخ نے لکھا ہے کہ وان الاستمداد باهل القبور الی قوله فقد انکره کثیر من الفقهاء الخ. انبیاء کو اسی وجہ سے مستثنیٰ کیا کہ ان کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں(۴۶) تیسرے یہ کہ دعاء مانگے الٰہی بحرمت فلاں میرا کام پورا کردے یہ بالاتفاق جائز ہے(۴۷) اور تمام شجروں میں موجود ہے اسی وجہ سے اقوال علماء میں اختلاف ہے کہ استمداد لفظ مشترک ہے کسی نے کسی کو لیا کسی نے کسی کو قول ہر ایک کا اپنی معنی

=المؤمن عدم التفوه بذلک، وان لایحوم حول حماه، وقد عده أناس من العلماء شركاً، وان لایکنه، فهو قریب منه. (روح المعانی،[المائدة: ۳۵]، ج: ۲، ص: ۱۲۸، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

(۴۵):می گوید ای فلان از خداوند بخواه که فلان کار مرا و مقصد مرا بر آورد کن، این صورت بر مسالهٔ ی سماع است، پس کسانی که سماع موتی را قائل اند این را روا می دارند، ونافیان سماع این را ناروا می دانند. (فتاوای منبع العلوم، کتاب العقائد، باب مایتعلق بالانبیاء والصلحاء، ج: ۱، ص: ۱۵۵، ط، کتب خانه ملی ایران)

(۴۶):عندنا وعند مشائخنا حضرة الرسالة ﷺ حی فی قبره الشریف و حیوته ﷺ دنیویة من غیر تکلیف وهی مختصة به ﷺ وبجمیع الأنبیاء صلوات اللّٰه علیهم والشهداء لا برزخیة کما هی حاصلة لسائر المؤمنین بل لجمیع الناس کما نص علیه العلامة السیوطی فی رسالته انباء الاذکیاء بحیوة الانبیاء، حیث قال قال الشیخ تقی الدین السبکی "حیوة الانبیاء والشهداء فی القبر کحیوتهم فی الدنیا ویشهد له صلوة موسیٰ علیه السلام فی قبره فان الصلوٰة تستدعی جسداً حیاً" الی اخر ما قال "فثبت بهذا ان حیوته دنیویة برزخیة لکونها فی عالم البرزخ" ولشیخنا شمس الاسلام والدین محمد قاسم العلوم علی المستفیدین قدس اللّٰه سره العزیز فی هذا المبحث رسالة مستقلة دقیقة المأخذ بدیعة المسلک لم یر مثلها قد طبعت و شاعت فی الناس واسمها "آب حیات" ای ماء الحیوة. (المهند علی المفند، ص: ۳۶،۳۷،ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۴۷):قال العلامة خلیل احمد السهارنفوی نور اللّٰه مرقده:عندنا وعند مشائخنا=

فتاوی رشیدیہ (کامل)

افادات

قطب الاقطاب فقیہ النفس حضرت مولانا رشید احمد
گنگوہی نور اللہ مرقدہٗ

جلد اول

جدید مطول حاشیہ
احقر العباد محمد خالد حنفی
فاضل جامعہ مطلع العلوم کوئٹہ

المکتبة الحنفیة

حسن خان القنوجی فی نزل الابرار فی بیان فوائد الصلاۃ علیہ صلی اللہ علیہ وسلم ومنها قیام ملک علی قبرہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطاہ اسماع الخلائق یبلغہ ایاها کما فی حدیث وثق ابن حبان رواتہ ووردت احادیث بمعناہ ثابتة وللہ الحمد ومنها انها سبب لرد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی المصلی والمسلم علیہ کما ورد بسند حسن بل صححہ النووی فی الاذکار وغیرہ. انتهی ملتقطاً.

باقی اس خیال اور اعتقاد سے ذکر کرنا کہ آنحضرت ﷺ کی روح مبارک مجلس مولود میں آتی ہے۔ اس کا شریعت مقدسہ میں کوئی ثبوت نہیں اور کئی وجہ سے یہ خیال باطل ہے [illegible] کہ حضرت رسالت پناہ ﷺ قبر مبارک میں زندہ ہیں جیسا کہ اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے [illegible] آپ ﷺ کی روح مبارک کا مجالس میلاد میں قبر سے مفارقت کرکے آنا ہے یا کسی اور طریقے سے۔ اگر مفارقت کرکے آنا مانا جائے تو آپ ﷺ کا قبر مطہر میں زندہ ہونا باطل ہوتا ہے یا کم از کم اس زندگی میں فرق آجاتا ہے۔ تو یہ صورت علاوہ اس کے کہ بے ثبوت ہے باعث توہین ہے نہ موجب تعظیم۔ اور اگر مفارقت نہیں ہوتی تو پھر ہر مجلس مولود میں آپ ﷺ کی موجودگی بدن و روح کے ساتھ ہوتی ہے یا محض بطور کشف و علم کے پہلی صورت بدیہی البطلان ہے۔ اور دوسری صورت بے ثبوت اور محض اعتقاد ہے موجب شرک ہے کہ آن واحد میں مجالس کثیرہ کا علم ہو اس طرح کہ گویا آپ ﷺ ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں یہ خاصہ ذات احدیت ہے۔ آنحضرت ﷺ کو ہر جگہ حاضر و ناظر سمجھنا شرک ہے۔(۲)

رہی مجلس میلاد تو اس کا حکم یہ ہے کہ نفس ذکر ولادت و معجزات و اقوال و افعال و واقعات آنحضرت ﷺ جائز بلکہ محبوب و مستحسن ہے۔ لیکن قیود مروجہ اور تعینات مخصوصہ جو آج کل اکثر مجالس مروجہ میں پائی جاتی ہیں بدعت اور بے اصل ہیں۔(۳) ذکر ولادت کے وقت قیام کرنا بھی بے اصل ہے۔ شریعت مقدسہ میں اس کی کوئی اصل نہیں نہ قرون مشہود لہا بالخیر میں اس کا وجود تھا نہ کوئی دلیل اس کے جواز پر دال ہے۔(۴) محمد کفایت اللہ غفرلہ دہلی۔

---

(۱) شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حیات انبیاء متفق علیہ است ہیچ کس را دروے خلافے نیست حیات جسمانی دنیاوی حقیقی نہ حیات معنوی روحانی چنانکہ شہدا راست۔" (اشعۃ اللمعات ترجمہ مشکوٰۃ، کتاب الصلوٰۃ، باب الجمعۃ فصل ۳ : ج۱ ص ۶۱۳ [illegible])

(۲) "[illegible] کہ حضرت رسالت پناہ ﷺ در وقت حاضر و ناظر اند ... شرک است چہ این صفت مخصوص حق تعالیٰ است کسے را دراں شرکت نیست ... (و از بزازیہ است) و من ههنا قال علمائنا من قال ارواح المشائخ حاضرة تعلم یکفر انتهی۔" (مجموعۃ الفتاویٰ: ج۱ ص ۲۰، [illegible])

(۳) قال العلامۃ الشاطبی فی الاعتصام: "منها وضع الحدود والتزام الکیفیات والهیئات المعینة والتزام العبادات المعینة فی اوقات معینة لم یوجد لها ذلک التعیین فی الشریعة." (الباب الاول، فصل فی تعریف البدع الخ: ج۱ ص ۳۹ [illegible])

(۴) [illegible] "کل حدث فی الدین بعد زمن الصحابة فلا صحة له شرعاً" ([illegible])

دارالافتاء جامعہ علوم اسلامیہ کراچی کے زیر نگرانی
دلائل کی تخریج و حوالہ جات اور کمپیوٹر کتابت کے ساتھ

کفایت المفتی

مع عنوانات

مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی
محمد کفایت اللہ دہلوی